# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## 6 ستمبر یوم دفاع کے موقع پر پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے خصوصی پیغام

6 ستمبر کا دن ہماری بہادر مسلح افواج کی جرأت، عزم اور ایثار و قربانی کے بے مثال جذبے کی علامت ہے، ترجمان تحریک انصاف

59 سال قبل آج کے دن ہماری پاک فوج کے جوانوں نے دنیا پر ثابت کیا کہ وہ ہر قیمت پر مادرِ وطن کے چپے چپے کے دفاع کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں، ترجمان تحریک انصاف

6 ستمبر یوم دفاع تجدیدِ عہد وفا کا دن ہے جو ہماری بہادر افواج اور غیور قوم کے ناقابلِ تسخیر دفاع اور استقلال کی علامت ہے، ترجمان تحریک انصاف

یہ دن بیرونی دشمن کیلئے پیغام ہے کہ پاکستان کی پر عزم قوم اور بہادر مسلح افواج ملک کے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتے اور ہر قسم کی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کیلئے پوری طرح تیار ہیں،

آج کے روز مادرِ وطن کے بیٹوں اور افواج پاکستان کے عظیم سپوتوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے 6 ستمبر 1965 کو دشمن کے خلاف بے خوفی سے لڑتے ہوئے اسے شکست فاش دی،

پوری قوم آج بھی متحد اور ملک دشمن عناصر کے خلاف اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ